27-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کل نیشنل سائنس ڈے کے موقع پر حیدرآباد میں وگیان ویبھو 2025ء کے نام سے ایک نمائش کا افتتاح کریں گے۔

۲۔ ریاست میں تین ایم ایل سی نشستوں کیلئے پولنگ آج شام چار بجے اختتام کو پہنچے۔ ووٹوں کی گنتی 3 مارچ کو ہوگی۔

۳۔ تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ بورڈ کے تھیوری امتحانات 5 مارچ سے 25 مارچ تک منعقد ہوں گے۔ یہ امتحان صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ہوگا۔

اور

۴۔ وزیراعظم نریندر مودی نے مہاکمبھ کو اتحاد کا مہا یگیا قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کو اس کے ورثہ پر فخر ہے اور وہ نئی توانائی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

MLC POLLING:

ریاست میں تین ایم ایل سی نشستوں کے لئے پولنگ آج شام چار بجے اختتام کو پہنچے۔ میدک۔ نظام آباد۔ عادل آباد۔ کریم نگر گریجویٹ حلقے، میدک۔ نظام آباد۔ عادل آباد۔ کریم نگر ٹیچرس حلقے اور ورنگل۔ کھمم۔ نلگنڈہ ٹیچرس حلقہ میں رائے دہی ہوئی۔ ان تینوں حلقوں میں 90 امیدوار مقابلہ کر رہے ہیں۔ ووٹوں کی گنتی 3 مارچ کو ہوگی۔

ANOUNCEMENT:

آکاش وانی حیدرآباد سنٹر علاقائی نیوز یونٹ نے جز وقتی بنیاد پر اردو نیوز ایڈیٹر اور اردو نیوز ریڈرس کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ انہیں مہینہ میں زیادہ سے زیادہ 6 دن کام کرنا ہوگا۔ امیدواروں کی عمر 21 تا 50 سال ہونی چاہئے۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار مزید تفصیلات newsonair.gov.in پر حاصل کر سکتے ہیں۔ درخواستیں اپنی اسناد اور دو پاسپورٹ سائز تصاویر کے ساتھ ہیڈ آف آفس آکاش وانی سیف آباد، حیدرآباد 500004 پر روانہ کی جاسکتی ہیں۔ درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 10 مارچ ہے۔

VIGNAN VAIBHAV 2025:

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کل نیشنل سائنس ڈے کے موقع پر حیدرآباد میں وگیان ویبھو 2025ء کے نام سے ایک نمائش کا افتتاح کریں گے۔ اس پروگرام میں چیف منسٹر ریونت ریڈی بھی شرکت کریں گے۔ ڈی آر ڈی او، ایرو ناٹیکل سوسائٹی آف انڈیا اور ڈاکٹر کلام انسٹیٹیوٹ آف یوتھ اکسلینس مشترکہ طور پر گچی باؤلی اسٹیڈی میں اس تین روزہ نمائش کا اہتمام کررہے ہیں۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آر ڈی او میزائل اسٹراٹیجک سسٹم ڈائرکٹر جنرل یوراجہ بابو نے بتایا کہ اس نمائش میں ڈی آر ڈی او اور دیگر ادارے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوں گے اور نوجوانوں کو کیریئر مواقع کی پیشکش کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اندرون ملک دفاعی ساز وسامان کی پیداوار ملک کو خودمنحصر بنائے گی۔ اس پروگرام میں تقریباً 30 ہزار طلبہ شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وگیان ویبھو نوجوان نسل میں دفاعی تکنالوجی کے بارے میں بیداری پیدا کرے گی۔ راجہ بابو نے بتایا کہ اس نمائش کا مقصد نوجوان نسل کو اس بات کے لئے راغب کرنا ہے کہ وہ دفاعی تکنالوجی کے شعبہ میں اپنا کیریئر بنائے۔ اس نمائش میں 200 صنعتیں اور ڈی آر ڈی ایل، آر سی ایل، بی ڈی ایل، بی ای ایل، ایچ اے ایل اور ای سی آئی ایل جیسے ادارے، سی سی ایم بی جیسی لیبارٹریز اور آئی آئی سی ٹی، آئی آئی ٹی حیدرآباد اور ٹریبل آئی ٹی جیسے تعلیمی ادارے شرکت کریں گے۔ اس نمائش میں 150 تا 200 اسٹالس قائم کئے جائیں گے۔ جن میں ہائپرسونک میزائل جیسی کئی جدید اور اندرون ملک تیار کردہ میزائل تکنالوجی اور میزائلز سسٹمس، جنگی توپوں، بحری سسٹمس اور جدید روبوٹیک سے متعلق اشیاء کی نمائش ہوگی۔ ڈی آر ڈی ایل کے ڈائرکٹر سرینواس مورتی نے بتایا کہ طلبہ کو اِس بات کے لئے راغب کیا جائے گا کہ وہ ملک کو دفاع کے شعبہ میں خودمنحصر بنانے کے لئے دفاعی اور ایرو ناٹیکل تکنالوجی کے شعبوں میں اپنے کیریئر بنائے۔

AMRIT2.0 SURVEY PALVANCHA:

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے کلکٹر جتیش وی پاٹل نے آج مرکزی حکومت کی اسکیم امرت 2.0 کے تحت پلوانچہ بلدیہ کی ترقی کے لئے ڈرون سروے کا افتتاح کیا۔ اس ڈرون سروے میں سروے آف انڈیا اور ڈی ٹی سی پی کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ امرت 2.0 اسکیم کے تحت مرکزی حکومت نے ماسٹر پلان ڈیجیٹل سروے کے لئے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پلوانچہ بلدیہ کو منتخب کیا ہے۔

TELANGANA INTER PUBLIC EXAM:

تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ بورڈ کے تھیوری امتحانات 5 مارچ سے 25 مارچ تک منعقد ہوں گے۔ یہ امتحان صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ہوگا۔ انٹرمیڈیٹ بورڈ کے سکریٹری نے بتایا کہ سال اول کے تھیوری امتحانات 5 مارچ کو شروع ہوں گے جبکہ سال دوم کے امتحانات کا آغاز 6 مارچ کو ہوگا۔ انٹرمیڈیٹ بورڈ نے پہلے ہی تفصیلی ٹائم ٹیبل کا اعلان کر دیا ہے۔

Jupalli Press Meet:

تلنگانہ کے وزیر ایکسائز، سیاحت وثقافت جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی 2 مارچ کو ونپرتی ضلع کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر 721 کروڑ روپے کی لاگت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے یا ان کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کو ایس ایل بی سی کے بارے میں بات کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ جوپلی کرشنا راؤ نے آج ونپرتی میں رکن اسمبلی ٹی میگا ریڈی اور ناگرکرنول کے ایم پی ڈاکٹر ملوروی کی جانب سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ کرشنا راؤ نے کہا کہ ایس ایل بی سی سرنگ میں پیش آیا واقعہ افسوس ناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پھنسے ہوئے مزدوروں کو بچانے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے قائدین کو ایس ایل بی سی کے بارے میں بات کرنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں ہے۔ انہوں نے بی آر ایس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس کی سابقہ حکومت نے 10 سال میں عوام پر سات لاکھ کروڑ روپے قرض کا بوجھ عائد کر دیا ہے۔

PM Mahakumbh

وزیر اعظم نریندر مودی نے مہا کمبھ کو اتحاد کا مہا یگیا قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کو اس کے ورثہ پر فخر ہے اور وہ نئی توانائی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم نے ایک بلاگ میں اپنے خیالات تحریر کئے اور اسے سوشیل میڈیا پر شیئر کیا۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے اور یہ ملک کا نیا مستقبل لکھے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مہا کمبھ میں کثیر تعداد میں بھکتوں کی شرکت صرف ایک ریکارڈ نہیں ہے، بلکہ اس نے کئی صدیوں تک بھارت کی تہذیب اور ورثہ کو مضبوط بنانے کے لئے بنیاد رکھی ہے۔ انہوں نے مہا کمبھ کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا اور سخت محنت اور عزم کے لئے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پریاگ راج میں 45 دن تک اتحاد کا یہ عظیم اجتماع جاری رہا۔ انہوں نے کہا کہ اس ایک تہوار میں 140 کروڑ شہریوں کی عقیدت ایک جگہ جمع ہوئی جو غیر معمولی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ سماج اور علاقہ کے ہر طبقہ نے اس مہا کمبھ میں اتحاد کا مظاہرہ کیا۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں ایچ سی ایل ٹک کمپنی کے نئے کیمپس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست تلنگانہ اور حیدرآباد شہر ملک بھر میں تیز رفتاری کے ساتھ ترقی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال کے دوران تلنگانہ کو ملک اور بیرون ملک سے سرمایہ کاری حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ روزگار کی فراہمی میں اول مقام پر ہے اور اس کے پاس مصنوعی ذہانت کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ جب انہوں نے تلنگانہ کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کی بات کہی تھی تو کچھ لوگوں نے کہا تھا کہ یہ ممکن نہیں ہے لیکن جب میں نے دو مرتبہ ڈاوس کا دورہ کر کے 41 ہزار کروڑ اور ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ کے ایم او یوز پر دستخط کئے تو تب لوگوں کو یقین آیا کہ یہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ کو کوئی نہیں روک سکتا۔